[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 1567** **L**

Unique Paper Code : 2142102403

Name of the Paper : Poet Ghalib (DSC)

Name of the Course : **B.A. (Hons)**

Semester : IV

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

**نوٹ: پانچ سوالات حل کیجئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔**

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک حصے کی تشریح حوالے کے ساتھ کیجئے۔

(الف)

نقش فریادی ہے کس کی شوخی تحریر کا
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا
کاو کاو سخت جانی ہائے تنہائی نہ پوچھ
صبح کرنا شام کا، لانا ہے جوئے شیر کا
جذبہ بے اختیار شوق دیکھا چاہیے
سینۂ شمشیر سے باہر ہے دم شمشیر کا
آگہی دام شنیدن جس قدر چاہے بچھائے
مدعا عنقا ہے اپنے عالم تقریر کا

(ب)

شوق ہر رنگ رقیب سروساماں نکلا
قیس تصویر کے پردے میں بھی عریاں نکلا
زخم نے داد نہ دی تنگی دل کی یارب
تیر بھی سینہ بسمل سے پرافشاں نکلا
بوئے گل، نالہ دل، دود چراغ محفل
جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا
ہے نا آموز فنا ہمت دشوار پسند
سخت مشکل ہے کہ یہ کام بھی آساں نکلا

*P.T.O.*

(ج)

گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی
درو دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا
وائے دیوانیٔ شوق کہ ہردم مجھ کو
آپ جانا اُدھر اور آپ ہی حیراں ہونا
عشرت قتل گہ اہل تمنا مت پوچھ
عید نظارہ ہے شمشیر کا عریاں ہونا
کی مرے قتل کے بعد اس نے جفا سے توبہ
ہائے اس زود پشیماں کا پشیماں ہونا

۲۔ غالبؔ کی مقبولیت کے اسباب پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

۳۔ غالبؔ کی فلسفیانہ شاعری کا جائزہ لیجیے۔

۴۔ غالبؔ کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجیے۔

۵۔ غالبؔ کی سوانح اور شخصیت پر ایک جامع نوٹ لکھیے۔

۶۔ غالبؔ کی صوفیانہ شاعری پر روشنی ڈالیے۔

۷۔ غالبؔ کی شاعرانہ عظمت پر روشنی ڈالیے۔